**14.09.2024**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم اور BJP کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی نے ڈودہ میں چناؤ جلسے سے خطاب کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر ترقی کی ایک نئی کہانی لکھ رہا ہے۔
☆ مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ ہندی نے ملک کو متحد کرنے میں ایک ایسا رول ادا کیا ہے، جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔
☆ مرکز نے برآمد کیلئے باسمتی چاول کی کم از کم قیمت کی حد ختم کردی ہے۔
☆ جموں و کشمیر کے بارہمولہ ضلعے میں حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں تین دہشت گرد مارے گئے ہیں۔
☆ اور چین میں ایشیائی چیمپئن ٹرافی ہاکی کے ایک میچ میں بھارت اور پاکستان کے درمیان میچ جاری ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## FURTHER REV CAMPAIGNING J&K - HARYANA

جموں و کشمیر کے اسمبلی چناؤ کے پہلے مرحلے کیلئے انتخابی مہم پورے زور و شور سے جاری ہے۔ اِس مرحلے میں اِس مہینے کی 18 تاریخ کو 24 اسمبلی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ بڑی سیاسی جماعتوں کے چوٹی کے رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کررہے ہیں۔
وزیر اعظم اور BJP کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی نے آج ڈوڈہ میں ایک چناؤ جلسے سے خطاب کیا۔ انہوں نے حزبِ اختلاف پر اقرباء پروری کا الزام لگایا اور کہا کہ مرکز کے زیرِ انتظام اِس علاقے میں ترقی کی ایک نئی کہانی لکھی جارہی ہے۔
کانگریس اور نیشنل کانفرنس بھی اپنے اپنے پارٹی امیدواروں کی حمایت کیلئے مہم چلا رہے ہیں۔
اِسی دوران ہریانہ میں واحد مرحلے کے اسمبلی چناؤ کیلئے انتخابی مہم زور پکڑتی جارہی ہے۔ وہاں اگلے مہینے کی

پانچ تاریخ کو 90 ارکان پر مشتمل اسمبلی کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

وزیر اعظم اور BJP کے اعلیٰ رہنما آج ریاست میں پارٹی کی چناؤ مہم کا آغاز کریں گے۔ اُن کا آج تیسرے پہر کروکشیتر کے Theme Park میں چناؤ جلسے سے خطاب کرنے کا پروگرام ہے۔

کانگریس اور دوسری علاقائی پارٹیاں بھی ووٹروں کو لبھانے میں لگی ہوئی ہیں۔

ہریانہ اور جموں و کشمیر اسمبلی چناؤ کیلئے ووٹوں کی گنتی اگلے مہینے کی 8 تاریخ کو کی جائے گی۔ x

## PM JHARKHAND GUJRAT AND ODISHA

وزیراعظم نریندر مودی کل سے جھارکھنڈ، گجرات اور اوڈیشہ کا تین روزہ دورہ کریں گے۔ جناب مودی کل جھارکھنڈ کا دورہ کریں گے اور ٹاٹانگرجنکشن ریلوے اسٹیشن پر ٹاٹانگرپٹنہ وندے بھارت ٹرین سمیت چھ وندے بھارت ٹرینوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ جناب مودی 660 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ریلوے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے اورانہیں قوم کے نام وقف کریں گے۔ جناب مودی ٹاٹانگر میں 20 ہزار پردھان منتری آواس یوجنا دیہی کے مستفیدین کو منظوری نامے بھی تقسیم کریں گے۔

وزیراعظم پیر کے روز گجرات کے گاندھی نگر میں پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے مستفیدین سے بھی بات چیت کریں گے۔

وہ گاندھی نگر کے مہاتما مندرمیں چوتھی Global Renewable Energy Investors Meet اور ایکسپو (آر ای انویسٹ) کا بھی افتتاح کریں گے۔وزیراعظم احمدآباد ریلوے میٹرو پروجیکٹ کا بھی افتتاح کریں گے اور سیکشن ون میٹرواسٹیشن سے گفٹ سٹی میٹرو اسٹیشن تک میٹرو سے جائیں گے۔

شام میں وزیراعظم احمدآباد میں آٹھ ہزارکروڑروپے سے زیادہ مالیت کے کثیر ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی افتتاح کریں گے اور سنگ بنیادرکھیں گے۔ منگل کے روز 17 ستمبر کو وزیر اعظم اوڈیشہ جائیں گے، جہاں وہ پردھان منتری آواس یوجنا شہری کے مستفیدین کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

جناب مودی بھوبنیشور اوڈیشہ میں تین ہزار آٹھ سو کروڑروپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے اور انہیں قوم کے نام وقف کریں گے۔ xx

## SHAH HINDI DIWAS

آج پورے ملک میں ہندی دوس منایا جارہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی، وزیرداخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے ہندی دوس کے موقع پر ملک کے سبھی لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں

جناب مودی نے ہندی زبان کی اہمیت کو اجاگر کرنے والے اپنے ایک ویڈیو کو مشترک کیا۔

اس دوران ایک ویڈیو پیغام میں وزیرداخلہ امت شاہ نے اس سال کے ہندی دوس کی اہمیت پرزوردیا اور اس بات کو اجاگر کیا کہ **1949** میں **14** ستمبر کو بھارت کی آئین ساز اسمبلی نے ہندی کو ایک سرکاری زبان کی حیثیت سے تسلیم کیا تھا۔ جناب شاہ نے اس بات کا بھی تذکرہ کیا کہ ہندی دوس اپنے **75** سال مکمل کررہا ہے اور اس سنگ میل کو سرکاری زبان کے طور پر ہندی کی ڈائمنڈ جوبلی کے طور پر منایا جارہا ہے۔ جناب شاہ نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ سبھی بھارتی زبانیں ملک کے لئے فخر اور ورثے کا ایک ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان زبانوں کو مالامال کئے بغیر ترقی حاصل نہیں کی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ ہر زبان نے ہندی کو مضبوطی دی ہے اور ہندی نے چاہے گجراتی، مراٹھی یا تیلگو زبان ہو، ہر زبان کو مضبوطی دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری زبان کا محکمہ آئندہ دنوں میں آٹھویں شیڈول میں درج سبھی زبانوں کا ہندی سے ترجمہ کئے جانے کے ایک پورٹل کا آغاز کرے گا۔ اس پہل کے تحت مصنوعی ذہانت کا استعمال کرتے ہوئے مراسلوں اور تقاریر کا بہت ہی کم عرصے میں ترجمہ کیا جائے گا۔××

## RICE FLOOR PRICE

مرکز نے ایک اہم فیصلہ کرکے باسمتی چاول کی کم از کم برآمدی قیمت ختم کردی ہے تاکہ برآمد کو بڑھاوا دیا جاسکے۔ تجارتی حلقوں میں پائی جانے والی تشویش اور اندرونِ ملک چاول کی وافر دستیابی کے پیشِ نظر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ پچھلے سال اگست میں عارضی قدم کے طور پر چاول کی کم از کم برآمدی قیمت **1200** ڈالر فی میٹرک ٹن مقرر کی گئی تھی، اُس وقت چاول کی قیمتوں میں اضافہ ہورہا تھا اور اندرونِ ملک بازاروں میں بھی یہ زیادہ مقدار میں دستیاب نہیں تھا۔ **x**

## GOVT OIL CUSTOM DUTY

کانگو میں، آج ایک فوجی عدالت نے **37** افراد کو موت کی سزا سنائی ان میں تین امریکی، ایک برطانوی، ایک بیلجیم میں اور ایک کناڈا کا شہری شامل ہے۔ ان افراد کو بغاوت کی ایک کوشش میں شامل ہونے کی پاداش میں یہ سزا سنائی گئی ہے۔

ان افراد پر الزام ہے کہ انھوں نے اس برس مئی میں صدارتی محل اور صدر **Elix Tshisekedi** کے ایک حامی کے گھر پر حملہ کیا تھا۔

حملے کی سازش کا مشتبہ قصوروار **Christian Malaya** حملے کے دوران پانچ دیگر افراد کے ساتھ مارا گیا تھا۔

**CBSE - VIOLATIONS**

ثانوی تعلیم سے متعلق مرکزی بورڈ CBSE نے ضمنی ضابطوں کی خلاف ورزی کرنے کی بناء پر راجستھان اور دلّی کے 27 اسکولوں کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا ہے۔ CBSE نے اپنی ایک بیان میں بتایا ہے کہ اِن اسکولوں کا اچانک معائنہ کیا گیا تھا اور اِن کے کام کاج ، خاص طور پر اندراج اور حاضری کے طور طریقوں میں بہت سی خلاف ورزیوں کا پتہ چلا تھا۔ اِن میں سے 22 اسکول دلّی کے دو خطوں میں اور پانچ اجمیر خطے میں واقع ہیں ۔ x

**J&K BARAMOLLA ENCOUNTER**

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر میں شمالی کشمیر کے بارہمولہ ضلعے کے Kreeri علاقے میں آج صبح ہوئی ایک مُڈبھیڑ میں تین نامعلوم دہشت گرد مارے گئے۔ پولیس کے ایک سینئر ا فسر نے بتایا کہ کریری علاقے کے چھوٹے سے گاؤں، Chak-e-Taper میں سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان مسلح لڑائی کے دوران ان دہشت گردوں کو مار گرایا گیا۔

فوج کے سینئر افسر نے بھی تین دہشت گردوں کی موت کی تصدیق کی ہے۔ مارے گئے دہشت گردوں کی شناخت کا کام جاری ہے۔x

**SITARAM**

مختلف سیاسی رہنما آج نئی دلی میں کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (مارکسسٹ)کے جنرل سکریٹری سیتا رام یچوری کو خراج عقیدت پیش کررہے ہیں۔ 72 سالہ آزمودہ کار رہنما کا طویل علالت کے بعد جمعرات کو نئی دلی کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (ایمس) میں انتقال ہوگیا تھا۔ کانگریس پارلیمانی پارٹی کی چیئر پرسن سونیا گاندھی این سی پی (ایس پی) کے سربراہ شرد پوار ، ڈی ایم کے ممبرپارلیمنٹ Kanimozhi کانگریس رہنما جے رام رمیش اور سی پی آئی ایم لیڈروں اور ورکروں نے بھی سیتا رام یچوری کو خراج عقیدت پیش کیا۔x

**MANDAVIA**

محنت اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا کل گجرات کے شہر راجکوٹ میں مغربی ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کی تیسری علاقائی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ میٹنگ کے دوران جناب مانڈویا مرکزی حکومت اور ریاستوں کی جانب سے کئے گئے اہم اقدامات کے تعلق سے مضبوط تعاون پر تبادلہ خیال کریں گے۔ تبادلہ خیال کے دوران محنت سے متعلق اصلاحات، غیرمنظّم کارکنوں کے ای۔شرم نیشنل ڈیٹا بیس اور روزگار کے مواقع بڑھانے پرتوجہ مرکوز

کی جائے گی۔ مذکورہ میٹنگ محنت اور روزگار کی وزارت کے ذریعہ ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے ساتھ ملک گیر سطح پر جاری صلاح ومشورہ کا ایک حصہ ہے۔××

## HOCKEY ASIAN CHAMPIONS TROPHY

چین کے شہر Hulunbiur میں مردوں کے ایشیائی چیمپئن ٹرافی ہاکی ٹورنامنٹ کے پانچویں اور آخری پُول میچ میں بھارت اور پاکستان کا میچ جاری ہے۔ x

## INDIA - G20 AGRICULTURE MEETING

زراعت اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے وزیر مملکت رام لال ٹھاکر نے کہا ہے کہ بھارت تغذیہ بخش خوراک اور اناج کی فراہمی کو یقینی بنانے کی غرض سے ایک پروگرام پر عمل کررہا ہے۔ دنیا کا یہ سب سے بڑا پروگرام اشیاء خوردنی فراہم کرنے پر مبنی ہے۔ برازیل کے شہر Cuiaba میں گروپ 20 کے وزرائے زراعت کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے، جناب رام لال ٹھاکر نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت زرعی ترقی کو ترجیح دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نہ صرف زرعی پیداوار بڑھانے بلکہ کسانوں کی سماجی ترقی ، خوشحالی اور ماحولیات جیسے پہلوؤں پر بھی توجہ دے رہا ہے۔ x

## SUNITA WILLAMS VOTE

امریکہ کے دو خلاء بازوں ، سُنیتا ولیمس اور Butch Wilmore نے ، جو کہ بین الاقوامی خلائی مرکز میں پھنسے ہوئے ہیں ، امریکہ کے صدارتی انتخاب میں ووٹ دینے کی اپنی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ وہاں نومبر میں صدر کیلئے چناؤ ہوگا۔ یہ خلاء باز کسی تکنیکی خرابی کی وجہ سے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر پھنسے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کل رات بین الاقوامی خلائی مرکز سے براہ راست پریس کانفرنس میں اپنی اِس خواہش کا اظہار کیا۔ x

☆☆☆☆☆☆